# 12-11-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ نئی دہلی میں ہوئے بم دھماکہ کی سازش میں ملوث افراد کو انصاف کے کٹہرے میں لا کھڑا کیا جائے گا۔

۲۔ ریاستی وزیر اتم کمار ریڈی نے کہا ہے کہ کالیشورم پروجیکٹ کے بیریجس میدی گدا، انارم اور سوندیلا کی مرمت کیلئے سائنٹفک اور منظّم طریقہ سے اقدامات کئے جائیں گے۔

۳۔ تلنگانہ ہائی کورٹ نے آج اپنے عبوری حکم نامہ میں جنوری تک توسیع کرتے ہوئے ریاستی حکومت کو بی آر ایس کے سربراہ چندر شیکھر راؤ اور دیگر کے خلاف کوئی کارروائی نہ کرنے کی ہدایت دی ہے۔

اور

۴۔ ریاستی کابینہ کا اجلاس 15 نومبر کو منعقد ہوگا۔ توقع ہے کہ اس اجلاس میں مقامی بلدیاتی انتخابات اور پسماندہ طبقات کے ریزرویشن سے متعلق اہم فیصلے کئے جائیں گے۔

SUREKHA

تلنگانہ کی انڈومنٹ وزیر کونڈا سریکھا نے اداکار اکینینی ناگارجنا کی فیملی کے تعلق سے کئے گئے اپنے ریمارکس واپس لے لئے اور جذبات مجروح کرنے پر افسوس کا اظہار کیا۔ کل شب دیر گئے سوشل میڈیا پر ایک وضاحتی بیان میں وزیر نے کہا کہ ان کا مقصد ناگرجنا یا ان کے کسی فرد خاندان کو تکلیف دینا نہیں تھا۔ سریکھا کی جانب سے یہ وضاحت ایسے وقت آئی ہے جب ایک دن بعد یعنی کل ناملی کی خصوصی عدالت میں ناگرجنا کی جانب سے داخل کردہ درخواست پر سماعت مقرر ہے۔

SRIHARI:

افزائش مویشیاں اور اسپورٹس کے ریاستی وزیر سری ہری نے جوبلی ہلز ضمنی انتخاب کے معاملہ میں کانگریس حکومت پر الزامات عائد کئے جانے پر بی آر ایس پارٹی کے لیڈرس کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ اپنے ایک ویڈیو بیان میں سری ہری نے بی آر ایس پر الزام عائد کیا کہ اس نے شکست کے خوف سے جھوٹی باتیں پھیلائیں جبکہ بی آر ایس کے تعلق سے عوام کا بھروسہ پہلے ہی ختم ہو چکا ہے۔ وزیر نے مزید کہا کہ بی آر ایس حکومت میں ایسے افراد کو جو حکومت کے خلاف کھلے عام اظہارِ خیال کرتے تھے، غیر قانونی طور پر گرفتار کرلیا جاتا تھا۔ انہوں نے بی آر ایس لیڈرس سریدھر ریڈی اور دیا کرراؤ پر انتخابی قواعد کی خلاف ورزی کا بھی الزام عائد کیا۔

UTTAM:

آبپاشی اور سیول سپلائز کے ریاستی وزیر کیپٹن اتم کمار ریڈی نے کہا ہے کہ کالیشورم پروجیکٹ کے متاثرہ میڈی گدا، انارم اور سوندیلا بیراجس کو ٹھیک کرنے کے لئے منظّم اور سائنٹفک طریقہ سے اقدامات کئے جارہے ہیں۔ سکریٹریٹ میں آج ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے انہوں نے سنٹرل واٹر کمیشن کے ساتھ بازآبادکاری کاموں کا جائزہ لیا۔ وزیر نے بتایا کہ ان بیاراجس کی مرمت حکومت کی اولین ترجیح ہے جبکہ اس میں لگائے گئی خطیر عوامی رقم کی بھی حفاظت کی جائے گی جیسا کہ بی آر ایس حکومت میں یہ اخراجات ہوئے تھے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس سلسلہ میں مشہور کمپنیوں سے تجاویز طلب کی گئی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ پونے سے تعلق رکھنے والے سنٹرل واٹر اور پاور ریسرچ اسٹیشن کی جانب سے جیوفزیکل اور مٹی کے معائنے کئے جائیں گے۔ اس سلسلہ میں پانچ ایجنسیوں کا انتخاب کیا گیا ہے جن میں تین کمپنیوں کو قطعیت دی جائے گی۔

ADVISORY:

تلنگانہ حکومت نے ایک ہیلتھ اڈوائزری جاری کیا ہے، جس میں عوام سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ موسمی نزلہ، زکام اور سانس کی بیماریوں سے بچاؤ کے لئے احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔ آئندہ چند دنوں میں ریاست بھر میں درجہ حرارت میں کمی متوقع ہے۔ ہندوستانی محکمہ موسمیاتِ کے مطابق کچھ مقامات پر کم از کم درجہ حرارت معمول سے دو سے تین ڈگری تک کم رہ سکتا ہے۔ درجہ حرارت میں یہ کمی سانس کی بیماریوں میں اضافے کا سبب بن سکتی ہے۔ محکمہ صحت عامہ کے ڈائرکٹر ڈاکٹر بی رویندر نائیک نے بتایا کہ حکومت نے تمام سرکاری طبی مراکز میں موسمی بخار کے مریضوں کے علاج کے لئے ضروری انتظامات کر لئے ہیں۔

HC:

تلنگانہ ہائی کورٹ نے آج اپنے عبوری حکم نامہ میں جنوری تک توسیع کرتے ہوئے ریاستی حکومت کو بی آر ایس کے سربراہ چندر شیکھر راؤ اور دیگر کے خلاف کوئی کارروائی نہ کرنے کی ہدایت دی ہے۔ یہ کارروائی کالیشورم پروجیکٹ کی تحقیقات کے سلسلے میں دائر درخواستوں کے بعد ملتوی کی گئی ہے۔ عدالت میں چیف جسٹس اپریش کمار سنگھ اور جسٹس جی ایم محی الدین پر مشتمل بنچ کے سامنے معاملہ پیش ہوا۔ حکومت کے وکیل نے مزید وقت طلب کیا جس کے بعد عدالت نے سماعت کو جنوری 2026 تک ملتوی کر دیا اور تمام درخواست گزاروں کو عبوری تحفظ میں توسیع دی۔

CABINET:

ریاستی کابینہ کا اجلاس 15 نومبر کو منعقد ہوگا۔ توقع ہے کہ اس اجلاس میں مقامی بلدیاتی انتخابات اور پسماندہ طبقات کے ریزرویشن سے متعلق اہم فیصلے کئے جائیں گے۔ یہ اجلاس وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کی صدارت میں سیکریٹریٹ میں ہوگا۔ ریاستی ہائی کورٹ کی ہدایات کے پیش نظر حکومت مقامی انتخابات میں جملہ تحفظات 50 فیصد تک محدود رکھنے کا فیصلہ کر سکتی ہے۔

NIRMALA-MEET:

مرکزی وزیرِ فینانس و کارپوریٹ امور نرملا سیتا رمن نے آج نئی دہلی میں مائیکرو، اسمال اور میڈیم انٹر پرائزس کے نمائندوں کے ساتھ بجٹ سے قبل تیسری مشاورت کی صدارت کی۔ وزارتِ فینانس کے مطابق یہ اجلاس آئندہ مرکزی بجٹ کی تیاری کے سلسلے میں منعقد کیا گیا۔ اجلاس میں وزیرِ مملکت برائے فینانس پنکج چودھری اور وزارتِ ایم ایس ایم ای کے سینئر عہدیداروں نے بھی شرکت کی۔

CONFERENCE:

رائے درگم ٹی ہب میں ابھرتے ہوئے تاجرین کی ایک کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر سری دھر بابو نے تخلیقی اقدامات اور تجارتی جوکھم لینے کے لئے نوجوانوں کی حوصلہ افزائی کی۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ سخت محنت اور عزم و حوصلہ کے ساتھ کامیابی حاصل کی جاسکتی ہے۔ وزیر نے اسمال اور میڈیم انٹر پرائزرس کو فروغ دینے کے لئے ایک نئی پالیسی متعارف کرانے کا اعلان کیا اور کہا کہ صنعتوں کو چاہئے کہ 100 کروڑ روپے منافع پر قائم رہیں۔

TSUNAMI:

32ویں بین الاقوامی سونامی تین روزہ سمپوزیم کا آغاز آج حیدرآباد میں انڈین نیشنل سینٹر فار اوشن انفارمیشن سروسس میں ہوا۔ اس کانفرنس کا بنیادی مقصد سمندری تحقیق اور معلومات کے شعبے میں پیشہ ورانہ معیار کو فروغ دینا ہے۔ 80 سے زائد مندوبین، جن میں 90 فیصد غیر ملکی شریک ہیں، نے اس پروگرام میں حصہ لیا۔ مندوبین نے مختلف تکنیکی اور تحقیقی سیشنس میں شرکت کی تاکہ حالیہ سائنسی پیش رفتوں پر تبادلہ خیال کیا جاسکے۔ انکوس کے ڈائرکٹر ڈاکٹر ٹی ایم بالاکرشنن نائر نے مندوبین کا خیر مقدم کیا۔

PURASKAR:

ساہتیہ اکیڈیمی بال ساہتیہ پرسکار 2025 نئی دہلی میں اس ماہ کی 14 تاریخ کو دیا جائے گا۔ بچوں کے ادب کے یہ سالانہ ایوارڈس صدر ساہتیہ اکادمی مدھو کشک کی جانب سے دیئے جائیں گے۔ وزارتِ ثقافت نے بتایا کہ ہر ایوارڈ یافتہ کو پچاس ہزار روپے نقد اور ایک کانسہ کی تختی دی جائے گی۔ ہندی ادب میں یہ ایوارڈ سوشیل شکلا کو ان کی کتاب ایک بڑے بارہ پر دیا جائے گا جبکہ انگریزی میں نیتن کوشلپا کوڈکشن۔ ساؤتھ انڈین ماتھس اینڈ فیبلز ری ٹولڈ پر نوازا جائے گا۔

AICC:

آل انڈیا کانگریس کمیٹی نے سچن ساونت کو تلنگانہ اسٹیٹ کانگریس کمیٹی کا نیا سکریٹری انچارج مقرر کیا ہے۔ اے آئی سی سی کے جنرل سیکریٹری کے سی وینو گوپال کے مطابق، 9 نئے سیکریٹریز کو مقرر کیا گیا ہے جبکہ پانچ موجودہ سیکریٹریز کی ذمہ داریوں میں فوری طور پر ردوبدل کیا گیا ہے۔

PM LNJP:

وزیراعظم نریندر مودی نے آج لوک نائک جئے پرکاش نارائن ہاسپٹل پہنچ کر قومی دارالحکومت میں پیر کو کار دھما کہ میں ہوئے زخمیوں کی عیادت کی۔ وہ اپنے دو روزہ دورہ بھوٹان کے بعد دہلی پہنچنے کے فوری بعد ہاسپٹل پہنچے۔ مودی نے زخمیوں کے ساتھ بات چیت کی اور ان کی جلد صحت یابی کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ اس موقع پر ہاسپٹل میں عہدیداروں اور ڈاکٹرس نے وزیراعظم کو تفصیلات بتائی۔ بعدازاں مودی نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر کہا کہ اِس سازش کے ذمہ داروں کو انصاف کٹہرے میں کھڑا کیا جائے گا۔

BOOK:

ریاستی چیف سکریٹری رام کرشنا راؤ نے کافی ٹیبل بک کا رسم اجرا انجام دیا جس کا عنوان جوئلز آف آصف جاہیز۔دی گلوری آف ورنگل ہے۔ یہ کتاب اطلاعات وتعلقات عامہ کے محکمہ کے جوائنٹ ڈائرکٹر ونکٹ رمنا نے لکھی ہے۔اس موقع اسپیشل کمشنر محکمہ اطلاعات وتعلقات عامہ سی ایچ پرینکا بھی موجود تھیں۔